# 12-02-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔بی آر ایس پارٹی نے ریاستی حکومت سے بی سی مردم شماری کا دوبارہ سروے کرانے اور کاماریڈی اعلامیہ کو نافذ کرنے کے بعد ہی انتخابات منعقد کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

۲۔ریاستی الیکشن کمیشن نے قطعی ووٹر لسٹ پر نظر ثانی اور نوٹا کے استعمال کے تعلق سے مختلف سیاسی جماعتوں کے نمائندوں کے ساتھ میٹنگ منعقد کی۔

۳۔سی پی آئی کے ریاستی سکریٹری وایم ایل اے سامبا شیوا راؤ نے کہا ہے کہ ان کی پارٹی ،ادارہ جات مقامی انتخابات میں کانگریس کے ساتھ اتحاد کے لئے تیار ہے۔

اور

۴۔ضلع ملگو میں آج سے چھوٹی میڈارم جاترا شروع ہوئی۔

TALASANI:

اصل اپوزیشن پارٹی بی آر ایس نے کانگریس حکومت پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ ادارہ جات مقامی انتخابات میں پسماندہ طبقات کو 42 فیصد تحفظات نافذ کرنے کے اپنے وعدہ کو پورا کرنے میں ناکام رہی ہے۔ بی آر ایس نے آج مطالبہ کیا کہ دوبارہ سروے کرایا جائے اور کاماریڈی اعلامیہ کو نافذ کرنے کے بعد ہی انتخابات منعقد کئے جائیں۔ سابق وزیر وایم ایل اے تلاسانی سرینواس یادو نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اگر ریاستی حکومت اپنے وعدوں کو پورا نہیں کرتی ہے تب بی آر ایس اپنی ہم خیال طاقتوں کے ساتھ مل کر بی سی طبقات کے انصاف کے لئے جدوجہد کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ بی سی طبقات، سیاسی جماعتوں کی جانب سے دئے گئے وعدوں کو قبول نہیں کریں گے جیسا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے وعدہ کیا ہے۔ ان کے مطابق اس کے بجائے اسمبلی میں قانون سازی کے علاوہ پارلیمنٹ میں مرکز کی جانب سے بل پیش کرنے کی ضرورت ہے۔ سابق وزیر نے ذات پات پر مبنی سروے کو دوبارہ کرنے کا بھی مطالبہ کیا اور بتایا کہ پارٹی سربراہ چندر شیکھر راؤ اور کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ آئندہ ہفتہ جی ایچ ایم سی کے کارپوریٹرس سے ملاقات کریں گے اور میئر اور ڈپٹی میئر کے خلاف تحریک عدم اعتماد کے سلسلہ میں حکمتِ عملی تیار کی جائے گی۔

IAF:

عظیم تر بلدیہ حیدرآباد کی جانب سے مجوزہ کچرہ جمع کرنے کا مقام، انڈین ایرفورس اکیڈیمی کے ایرفورس اکیڈیمی کے فلائنگ زون میں واقع ہے۔ چونکہ اگر وہاں کچرا جمع کرنے کا مقام بنایا جاتا ہے تب پرندے آسکتے ہیں۔ لہٰذا ایرفورس اکیڈیمی کے عہدیداروں نے سنگاریڈی کے کلکٹر کرانتی کو ایک خط لکھتے ہوئے ان سے کہا ہے کہ اس ڈمپنگ یارڈ کو کسی اور مقام پر بنایا جائے۔ کلکٹر کے نام اس خط میں ونگ کمانڈر، اکیڈیمی ایرواسپیس سیفٹی اینڈ انسپیکشن آفیسر شوبھم مشرا نے لکھا کہ ڈمپ یارڈ سے طیاروں اور انسانی جانوں کو خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔ اس ڈمپنگ یارڈ کے خلاف مقامی کسانوں کی جانب سے پہلے ہی احتجاج کیا جارہا ہے۔

CPI:

کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا کے ریاستی سکریٹری و ایم ایل اے سامبا شیوا راؤ نے کہا ہے کہ ان کی پارٹی، ادارہ جات مقامی انتخابات میں حصہ لے گی۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی نے اپنی حلیف کانگریس کا ساتھ دینے کا فیصلہ برقرار رکھا ہے جبکہ پارٹی ان مقامات پر اپنے امیدوار کھڑا کرے گی جہاں کانگریس سے اتحاد نہیں ہوتا ہے۔ حیدرآباد میں آج میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے سامبا شیوا راؤ نے اس معاملہ پر سی پی آئی اور دیگر کمیونسٹ جماعتوں سے تال میل نہ کرنے پر کانگریس پارٹی کو تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ لوکل باڈی انتخابات، وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی حکومت کے لئے ایک ریفرنڈم کی حیثیت رکھتے ہیں۔

TEMPLE:

حیدرآباد کے پرانے شہر میں واقع علاقہ ٹپہ چبوترہ میں آج صبح اس وقت کشیدگی پھیل گئی جب بعض نامعلوم افراد نے ایک عبادتگاہ کے احاطہ میں گوشت کے ٹکڑے پھینک دئے۔ آج صبح جب لوگ عبادت کے لئے آئے تو یہ بات نوٹ کی۔ فوری ایک مخصوص طبقہ سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد جمع ہوگئی، جنہوں نے احتجاج شروع کردیا اور خاطیوں کے خلاف فوری کارروائی کا مطالبہ کیا۔ حیدرآباد کے جوائنٹ کمشنر آف پولیس وکرم سنگھ نے مقام واقعہ کا دورہ کیا اور خاطیوں کے خلاف سخت کارروائی کا یقین دلایا۔ وکرم سنگھ نے اس موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انتباہ دیا کہ اس واقعہ میں ملوث افراد کو سخت سزا دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عبادتگاہ کے مقام پر سی سی ٹی وی کیمرے کام نہیں کررہے تھے جبکہ شام تک اس عمارت کے آس پاس کیمرے لگادئے جائیں گے۔ پولیس نے اس سلسلہ میں تحقیقات شروع کردی اور عوام پر امن برقرار رکھنے کے لئے زور دیا۔

PROGRAMME:

سنٹ اینس ہائی اسکول کے تقریباً 350 طلبہ نے بیداری اور ملاقات کے ایک پروگرام میں حصہ لیا جس کی صدارت ڈپٹی کمشنر آف پولیس نارتھ زون رشمی پیرومل نے کی۔ انہوں نے سکندرآباد میں واقع اس اسکول کے احاطہ میں منعقدہ اس پروگرام کے دوران حفاظت کے اہم معاملات پر روشنی ڈالی۔ پروگرام کے دوران مختلف موضوعات جیسے جسمانی و ذہنی صحت، سائبر کرائمس، نشیلی ادویہ کا استعمال اور جنسی نامساوات جیسے موضوعات پر شعور بیداری پیدا کی گئی۔ ڈی سی پی نے آن لائن سیفٹی، سائبر دھمکیاں، شخصی اطلاعات کا تحفظ اور دیگر امور پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کے دوران طلبہ کی جانب سے نہایت عمدہ ردِعمل ملا ہے۔

MEDARAM:

ضلع ملگو میں آج سے چھوٹی میڈارم جاترا شروع ہوئی۔ ریاستی حکومت نے اس فیسٹول کے کامیاب انعقاد کے لئے 5.30 کروڑ روپے مختص کئے ہیں۔ آر ٹی سی نے آنے والوں کی سہولت کے لئے 200 خصوصی بسوں کا انتظام کیا ہے۔ توقع ہے کہ اس جاترا میں دونوں تلگو ریاستوں کے علاوہ ملک کے دیگر مقامات سے لوگ آئیں گے۔

RTC:

تلنگانہ ٹی جی اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن (ٹی جی ایس آر ٹی سی) نے آج جے بی ایس سے راجیو گاندھی انٹرنیشنل ایرپورٹ تک نئی پشپک بس سرویس شروع کی۔ یہ نئی بسیں، سکندرآباد ریلوے اسٹیشن، ناملی اور براہ شمس آباد چلائی جائیں گی جبکہ واپسی میں بھی ان بسوں کی روٹ یہی رہے گی۔ پہلی پشپک بس سکندرآباد ریلوے اسٹیشن سے رات 12 بجکر 55 منٹ پر روانہ ہوگی جبکہ آخری بس سرویس رات 11 بجکر 55 منٹ رہے گی۔ یہ بسیں ہر ایک گھنٹے کے وقفہ سے چلائی جائیں گی۔ آر جی آئی سے پہلی بس رات 12 بجکر 50 منٹ پر روانہ ہوگی جبکہ آخری بس رات 11 بجکر 50 منٹ کو چلائی جائے گی۔

Bird Flu

آندھرا پردیش میں برڈ فلو کے پیش نظر تلنگانہ کے عہدیداروں نے الرٹ جاری کیا ہے۔ آندھرا پردیش سے آنے والی پولٹری کو تلنگانہ کی سرحد پر سوریہ پیٹ میں کوداڑ میں واقع راماپورم چک پوسٹ پر گاڑیوں کی جانچ کی جارہی ہے اور داخلہ کی اجازت نہیں دی جارہی ہے۔ ڈسٹرکٹ اینمل ہسبنڈری آفیسر سرینواس نے آکاش وانی سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ برڈ فلو کو پھیلنے سے روکنے کے لئے احتیاطی اقدامات کئے جارہے ہیں۔ اسی بنا پر آندھرا سے آنے والی پولٹری کو سرحد پر روک دیا جارہا ہے۔

14 AFAF:

سمکیات کے مرکزی وزیر راجیو رنجن سنگھ نے آج نئی دہلی میں 14 ویں ایشین فشریز اینڈ ایکوا کلچر فورم کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ اس فورم سے ماہی گیری کے شعبہ سے تعلق رکھنے والے افراد کو ایک پلیٹ فارم پر جگہ ہونے کا موقع ملے گا اور وہ مختلف مسائل کا حل بھی ڈھونڈ سکتے ہیں۔ اس پروگرام میں 14 ممالک سے تعلق رکھنے والے تقریباً 900 وفود شرکت کریں گے۔

ENERGY WEEK:

پٹرولیم اور قدرتی گیس کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کہا ہے کہ عالمی توانائی کی بچت میں ہندوستان کا حصہ، سال 2050ء تک تقریباً دگنا ہونے کی توقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک گلوبل انرجی مارکٹس میں اہم مقام پر کھڑا ہے جبکہ تیل کے صارفین میں ہندوستان کا تیسرا مقام ہے۔ انہوں نے آج ملک کے توانائی ہفتہ کے دوران مختلف میٹنگوں میں شرکت کی۔

KUMBH:

پریاگ راج میں جاری مہا کمبھ کے دوران اب تک ایک کروڑ 59 لاکھ بھکتوں نے مقدس ڈبکی لگائی ہے۔ یہ مقدس اسنان کافی اہم سمجھا جاتا ہے کیونکہ یہ مقام گنگا، یمنا اور سرسوتی کا ملاپ ہے۔ اب تک 47 کروڑ 55 لاکھ بھکت مقدس ڈبکی لگا چکے ہیں۔

NOTA:

ادارہ جاتِ مقامی کے مجوزہ انتخابات کے پیش نظر ریاستی الیکشن کمیشن نے مختلف سیاسی جماعتوں کے نمائندوں کے ساتھ ایک میٹنگ منعقد کی جس میں ووٹ کا عدم استعمال (نوٹا) کا موضوع چھایا رہا۔ کانگریس، بی جے پی، ٹی ڈی پی، جن سینا، سی پی آئی، سی پی ایم اور مجلس اتحاد المسلمین کے نمائندوں نے اس میٹنگ میں شرکت کی۔ لوکل باڈی انتخابات میں نوٹا کو لازمی کرنے کے لئے بات چیت کی گئی۔ اس کے علاوہ قطعی ووٹر لسٹ پر نظر ثانی کا بھی ذکر کیا گیا۔ سیاسی جماعتوں نے اس معاملہ پر متضاد خیالات کا اظہار کیا۔ توقع ہے کہ پنچایت انتخابات موجودہ قواعد کے مطابق ہی منعقد کئے جائیں گے۔